الیکشن کمیشن آف پاکستان

(شعبہ تعلقات عامہ)

پریس ریلیز

مورخہ 05 اکتوبر، 2017

یونین کونسل41،(Sector I-9) اور یونین کونسل48، سرائے خربوزہ میں لوکل گورنمنٹ ضمنی انتخابات ۔

آج دارالحکومت اسلام آباد میں دو یونین کونسلز میں خالی نشستوں پر پولنگ کا عمل صبح اپنے مقررہ وقت آٹھ بجے شروع ہوا جو کہ بغیر کسی وقفے کے شام چار بجے تک جاری رہے گا۔ واضح رہے کہ یونین کونسل 41،(I-9 Sector) میں اقلیتی کونسلر کی خالی نشست پر مقابلہ ہو رہا ہے جبکہ یونین کونسل 48، سرائے خربوزہ میں وائس چیئرمین یونین کونسل کی خالی نشست پر مقابلہ جاری ہے۔ اس انتخابی عمل کے لئے کل 28 پولنگ اسٹیشنز اور 45 پولنگ بوتھز بنائے گئے ہیں۔ اس کے علاوہ پریزائیڈنگ آفیسرز کی تعداد 28، اسسٹنٹ پریزائیڈنگ آفیسرز کی تعداد 45، پولنگ آفیسرز کی تعداد 45 اور نائب قاصد کی تعداد 18 ہے۔ یہ سب اہلکار اپنے فرائض منصبی احسن طریقے سے سرانجام دے رہے ہیں۔

امن وامان اور دیگر صورت حال کا جائزہ لینے کے لئے ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسر نے پولنگ کا عمل شروع ہونے سے قبل یونین کونسل نمبر 41 (Sector) I-9 میں 4 سے 5 مختلف پولنگ اسٹیشنز کا دورہ کیا اور مکمل اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے بتایا کہ پولنگ اپنے مقررہ وقت پر پرامن طریقے سے شروع ہوئی اور کسی بھی قسم کی ہنگامی صورت حال سے نمٹنے کے لئے بھاری اکثریت میں رینجرز اور پولیس کے اہلکاران پولنگ اسٹیشنز پر تعینات تھے۔ پولنگ کا یہ عمل بغیر کسی وقفے سے شام 4 بجے تک جاری رہے گا۔

❋ ❋ ❋ ❋ ❋ ❋ ❋ ❋ ❋ ❋ ❋ ❋ ❋ ❋ ❋